Tarjuma Tul Quran Majeed - ICom Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 6 Short Questions Test

Q1. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q2. سورۃ التوبہ کب نازل ہوئی-

Ans 1: جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی حیات طیبہ کے آخری دور میں غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوئی.

Q3. سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون کیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون " اہل کتاب کی غلطیوں کا پردہ چاک کرنا اور اہل اسلام کو ان کی زمہ داریوں کا احساس دلانا ہے".

Q4. سورۃ الانفال کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرنے سے شکر کا جذبہ پیدا ہوتاہے. 2- دین اسلام میں جہاد کا اہم مقصد فتنے کا خاتمہ اور اللہ تعالی کی زمین پر اس کے دین کا غلبہ ہے.

Q5. قرآن مجید میں کس سورت کو سردار کہا ہے.

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کی بہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے.

Q6. الفاظ کے معنی تحریر کریں- کسادھا- اثاقلتم- یستبدل- لاتحزن- جنود- السفلی

Ans 1: کسادھا- اس کا خسارہ اثاقلتم- تو بوجھل ہوجاتے ہو- یستبدل- وہ بدل کر لے آئے گا- لاتحزن- غم نہ کرو جنودلشکروں- السفلی- پست

Q7. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

Ans 1: مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

Q8. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q9. سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون کیا ہے.؟

Ans 1: سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون " اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کے آداب و فضائل کا بیان اور صلح و جنگ کے احکام کی وضاحت" ہے. سورۃ الالنفا میں اللہ تعالیٰ نے اپنے انعامات بھی یاد دلائے ہیں- مسلمانوں نے جس جاں نثاری کے ساتھ یہ جنگ لڑی ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی بھی فرمائی ہے- ساتھ ساتھ ان کمزرویوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو اس جنگ میں سامنے ائیں - ائندہ کے لیے ایسی ہدایات بھی دی گئی ہیں جو ہمیشہ مسلمانوں کی کامیابی اور فتح و نصرت کا سبب بن سکتی ہیں- جہاد اور مال غنیمت کی تقسیم کے بہت سے احکام اس سورت میں بیان ہوئے.

Q10. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.